RAMPUR GOVᵀ GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۴۱	روز دوشنبہ تاریخ ۲۸ نومبر ۱۸۹۲ء مطابق ۷ جمادی الاول ۱۳۱۰ھ	جلد ۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ	نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
	احکام اجلاس کامل		۷	دربارہ صحت وغلطی ... مطبوعہ گزٹ نمبر ۴۰	۳
۱	تقرر نام عہدہ صاحبزادہ میاں انجانخان	۲		**حکم صاحب سکرٹری بہادر**	
۲	مستقلی ... بہادر ...	۳	۸	اضافہ ... محمد عطاء اللہ خان	۴
	حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر		۹	روبکار ...	ضمیمہ
۳	دربارہ تعمیل احکامات مجریہ	۳	۱۰	نقشہ حیات و ممات	۷
۴	دربارہ ارسال نقشہ جات ...	۳	۱۱	نقشہ زرخانہ احتساب	۸
۵	تعین تاریخ ...	۳			
۶	تعین وقت ساعت ...	۳			

حکم اجلاس کامل واقع ۲۱ نومبر ۱۸۹۲ء

آج نوٹ صاحب سکرٹری بہادر کونسل مورخہ ۱۵ نومبر ۱۸۹۲ء پیش ہوکر تجویز ہوا کہ صاحبزادہ میاں انجانخان کے متعلق کام جواہرخانہ و توشہ خانہ و دیگر مدات ذات خاص کا ہے اور ابتک کوئی خاص نام اونکے عہدہ کا نہیں ہے لہذا تجویز ہوا کہ اونکے عہدہ کا نام (مہتمم ذات خاص) تجویز کیا جاوے آئندہ اسی نام سے اونکا ذکر تحریرات سرکاری میں مشہور ہو مثل باجلاس صاحب سکرٹری بہادر کونسل مرسل ہو اور ایک نقل اسکی درج گزٹ کیجاوے۔

حکم صاحب سکرٹری بہادر

حسب تجویز اجلاس کامل احکام جاری ہون اور ایک نقل حکم درج گزٹ کیجاوے - ۲۳ نومبر ۱۸۹۲ع

حکم اجلاس ایضاً واقع ۲۱ نومبر ۱۸۹۲ع

آج یہ مثل کونسل مین پیش ہوئی بابو ملاح بہادر قائم مقام ریونیو کا کام اچھا ہے لہذا اونکی تنخواہ اسی روپیہ ماہوار مقرر اور وہ اس عہدہ پر مستقل کئے جاوین -

مثل با جلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر مرسل ہو -

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

نقل حکم کونسل بطور سند پاس ریونیو الصدر مرسل ہووے پروانہ بنام بخشی فوج جاری ہووے - ایک نقل مطبع کو مرسل ہووے بعد تعمیل داخل دفتر ہووے - ۲۲ نومبر ۱۸۹۲ع

روبکار اجلاس صاحبزادہ وحید الدین صاحب بہادر بیرسٹر ایٹ لا ممبر عدالت جوڈیشل واقع ۲۴ نومبر ۱۸۹۲ع

مقدمہ

تعمیل احکامات مجریہ

بملاحظہ رپورٹ ہای اہلمد عدالت معلوم ہوا کہ بعض عدالتون سے جوابات احکام مجریہ بہت تراخی سے بعد انتاکید آتے ہین جسکی وجہ مثل متعلقہ بسبب عدم شمول و انتظار جوابات داخل محافظ خانہ نہین ہوتی اور جب حکم تاکیدی طلبی جوابات نافذ ہوتا ہے تو بعد دہشت حکم تاکیدی کاغذ مطلوبہ بھیجدیتے ہین اور اون ہمہ بجواب حکم تاکیدی یہ رپورٹ آتی ہے کہ کاغذ مطلوبہ بیشتر بھیجا گیا - یہ امر نہایت نادرست ہے - بعد پہونچنے حکم تاکیدی کے کاغذ مطلوبہ ہمراہ آنا چاہیے ورنہ وجہ توقف لکھنا چاہیے جسکی تعمیل ہوئی ہو -

احکام مجریہ اگر قابل داشت بطور سند ہون تو اونکی نقل کہ رکھ سکتے ہین مناسب ہے کہ آیندہ جوابات اطلاعی و تعمیلی بھیجنے مین درنگ و تراخی نہو

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا واسطے اطلاع عام و تعمیل کے درج گزٹ ہو -

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۴ نومبر ۱۸۹۲ع

مقدمہ

ملاحظہ گوشوارہ جات مقدمات دائرہ و فیصلہ و باقی ماندہ دیوانی و فوجداری ہفتہ وار قابل ملاحظہ اجلاس صاحب پریذیڈنٹ بہادر

بملاحظہ گوشوارہ جات مصرحہ بالا معلوم ہوا کہ بعض ہفتہ کے نقشہ جات بعض عدالتون سے زیادہ دیر مین آتے ہین جسکے سبب سے تیاری گوشوارہ جات مین تراخی اور درنگ ہوتی ہے لہذا ضرور ہے کہ آیندہ سے ہفتہ اول کے نقشہ جات نوین تاریخ اور دوم کے سترہ تاریخ اور سوم کے چوبیسوین تاریخ اور چہارم کے دوم دوسرے مہینے تک یہان پہونچ جایا کرین اور چونکہ یہ نقشہ جات اجلاس مین پیش ہو کر حوالہ نقشہ نویس صدر ہوتے ہین انمین بھی کسیقدر توقف ہوتا ہے مناسب ہے کہ تواریخ مذکورہ بالا تک پاس نقشہ نویس صدر براہ راست آیا کرین نقشہ نویس صدر بفور پہونچنے نقشہ جات گوشوارہ مکمل کر کے اجلاس مین پیش کیا کرین -

واضح ہے کہ نقشہ جات ہفتہ وار مقدمات و اشخاص و جرائم

دفعہ وار نو حصہ ... اس حکم سے مستثنے ہین جو براہ راست حسب معمول اجلاس مین آئین گے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا واسطے اطلاع و تعمیل عہدہ داران متعلقہ کے درج گزٹ ہو۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۴ نومبر ۱۸۹۲ء

جملہ نخاسون کے ٹھیکہ کی میعاد قریب الانقضا ہے لہذا بنابر جملہ نخاسون اور غلہ داخلی شہر کے لئے ۴ دسمبر ۱۸۹۲ء وقت بارہ بجے دن کے موعود کیجاتی ہے۔ اور واضح ہو کہ یہ نیلام مقام میلہ نظیر بعد نیلام دیہات ہوگا۔ بنا بران۔

حکم ہوا کہ

بغرض اعلان یہ روبکار بمد سلخ گزٹ کیواسطے مطبع کو بھیجا جاوے کہ اسی ہفتہ کے گزٹ مین طبع کرادین۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۶ نومبر ۱۸۹۲ء

ہم نے اپنے اجلاس مین متفرق عرائض سننے کا وقت مقرر کیا ہے جو یہ ہین

۱۔ گیارہ بجے سے بارہ بجے تک تمام متفرق عرضیان پیشکاران اجلاس کے پاس جمع ہو جایا کرینگی۔

۲۔ ہم اجلاس مین پہونچنے کے ساتھ سب سے پہلے یہی عرضیان سنکر احکام مناسب صادر کرینگے۔

۳۔ بارہ بجے کے بعد کوئی عرضی بغیر ہماری اجازت خاص کے نہ لیجائیگی۔

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا بغرض اطلاع عام درج گزٹ کیجاوے۔ پیشکاران اجلاس مطلع ہو کر تعمیل کرین۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۶ نومبر ۱۸۹۲ء

بملاحظہ گزٹ نمبر ۴۳ مورخہ ۲۱ نومبر ۱۸۹۲ء واضح ہوا کہ مرکز در باب قطع درختان مین سطر ۹ صفحہ ۲ بجائے دفعہ (۳۲۶) (۲۲۶) غلطی سے درج ہوگئی صحیح دفعہ (۲۰۹) ہے لہذا

حکم ہوا کہ

بطور تصحیح مرکز مذکور یہ روبکار بھی درج گزٹ کیا جاوے جملہ سررشتہ ہائے متعلقہ آگاہ ہو جائین۔

حکم صاحب سکرٹری بہادر

اضافہ

۲۱ نومبر ۱۸۹۲ء

حسب تجویز مرزا مروزہ بوجہ کثرت گشت و گرداوری و مستعدی و جفاکشی عباس خان نائب گرداور صفائی مشاہرہ دار گیارہ روپیہ ماہوار کا ایک روپیہ اضافہ اور محمد عطاء اللہ خان نائب گرداور صفائی مشاہرہ دار بارہ روپیہ ماہوار کا پانچ روپیہ بحوالہ الاؤنس بشرط داشت یکراس یابو وغیرہ برائے سواری منظور ہوا۔ یکم دسمبر سنہ حال سے عملدرآمد ہوگا۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔

حکم صاحب سکرٹری بہادر کونسل واقع ۲۰ نومبر ۱۸۹۲ء

ملاحظہ ہوا روئداد ہذا درج گزٹ ہو۔

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل ٹانڈہ منعقدہ ۵ نومبر ۱۸۹۲ء

منشی محمد غلام رسول خان صاحب صدرنشین کمیٹی

لالہ منہری لعل صاحب نوئب سکرٹری کمیٹی

اسمائے شرکائے جلسہ

ملازمین

۱۔ منشی محمد شفیع محمد یعقوب ساکن

۲۔ لالہ گنگا رام صاحب۔

۳۔ حکیم شرافت علی صاحب۔

غیر ملازمین

۱۔ حاجی نادر شاہ صاحب۔

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱۔ عرضی چھوٹے وغیرہ خاکروبان ٹلری یادداشت منشی لیاقت حسین صاحب گرداور خطبان صحت دربارہ اضافہ چار چار گنڈی کس خاکروب مثل دیگر تحصیلات۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ صفائی میں چھ خاکروب ہیں منجملہ ان کے دو خاکروب آٹھ آٹھ روپیہ بوجہ کھنچنے بہشتہ کے پاتے ہیں اور چار خاکروبان ۳ ماہوار فی کس پاتے ہیں۔ کام درحقیقت اس قصبہ کا زیادہ ہے اور تحصیلات میں بھی خاکروبان تین تین روپیہ ماہوار پاتے ہیں جسکی تصدیق تحریر گرداور خطبان صحت سے ہوتی ہے ایسی حالت میں ان خاکروبان کے تین تین روپیہ ماہوار ہونا مناسب ہے بنا بر ترقی خاکروبان مذکورہ رپورٹ اجلاس میں صاحب جوڈیشل ممبر بہادر کے بھیجی جاوے۔ اور عرضی خاکروبان بھی شامل روئداد کمیٹی کیجاوے۔ صاحب صدرنشین کمیٹی نے اس رائے کو قبول و منظور کیا۔

ملاحظہ ہوا احکام آنے رپورٹ کے حکم مناسب صادر ہوگا۔ ۲۰ نومبر ۱۸۹۲ء

۲۔ نوٹ مہر صفائی بمضمون کہ کوڑا سکانہ دروازہ	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ عرضی سپرد حاجی نادر شاہ صاحب و پنڈت گنگا رام صاحب ممبران کمیٹی

پشتہ و چبوترہ جدید تیار کر لیتے ہیں اور ہمیں اندیشہ و نقصان سرکار ہے کہ شاید کسی وقت میں یہ ایزادی پشتہ و چبوترہ اپنے مکان میں شامل کر لیں

کی جاوے کہ حسب نشان دہی محررے کے موقع پر جاویں اور تحقیقات حسب ضابطہ کریں کہ آیا پشتہ و چبوترہ جدید ہے یا قدیم اور آہنگران کا کوئی نقصان تو نہیں ہوا اور کس قدر اراضی سرکاری ایزاد کر لی ہے بعد تحقیقات کے ممبران کمیٹی اپنی رائے آیندہ کمیٹی میں پیش کریں۔

ملاحظہ شد۔ ۲۰ نومبر ۱۸۹۲ء

۴۳ - نوٹ صاحب صدر نشین کمیٹی ... محرر صفائی سے معلوم ہوا کہ خاص قصبہ کی روشنی کے واسطے بارہ صد لالٹین سرکار سے عطا ہوئی تھیں دو برس تک بحال رہیں اور چندہ کا کچھ انتظام نہ ہو سکا لہذا واپس کر دیں گئیں اب اسوقت ... فہرست چندہ کی واسطے انتظام تیل وغیرہ کی مرتب کرائی گئی اور کمیٹی میں پیش کی جاتی ہے اگر ممبران کمیٹی کی رائے ہو اور یہ فہرست چندہ بھی مناسب سمجھی جاوے تو اجلاس میں صاحب ... بہادر ... رپورٹ کر دیجاوے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ درحقیقت سرکار سے بارہ صد لالٹین واسطے انتظام روشنی بازار قصبہ نانڈہ عطا ہوئی تھیں اور وہ برابر دو سال تک تحصیل میں کبھی رہیں بوجہ نہ فراہمی ہونے چندہ کی نوبت روشنی کی نہ پہنچی مجبوراً واپس کی گئیں اب اسوقت جو فہرست کہ چندہ مرتب کرائی گئی ہے وہ بہت مناسب ہے اسمیں انتظام تیل و نیز ایک ملازم مشاہرہ ... ہوا لیکن ... دکانداران بھی اس بار کو جو بغور دیکھا گیا متحمل ہو سکتے ہیں لہذا کمیٹی کی بالاتفاق رائے صاحب صدر نشین کمیٹی یہ ہے کہ دوبارہ واسطے بارہ صد لالٹین کے اور نیز بابت منظوری اس آمد چندہ کے اجلاس صاحب ... بہادر میں رپورٹ کیجاوے جسوقت لالٹین آجاوینگی فوراً انتظام روشنی کا کیا جاویگا فہرست چندہ جو مرتب کرائی گئی ہے بہت مناسب ہے۔

ملاحظہ شد ہنگام آنے رپورٹ کے حکم مناسب صادر ہوگا۔ ۲۰ نومبر ۱۸۹۲ء

۴۴ - چھپہ قصبہ جنگی ... وغیرہ کی بہت ضرورت تھی ... چندہ تیار ہو گئے لیکن مساجد و چاہات کے چھپے ... ہوئے ہیں اور ان میں بعض بعض مقام پر سقہ پانی بھر کر ... جاتا ہے ... راہگیروں کو تکلیف ہوتی ہے اگر کمیٹی کی رائے ہو تو چھپہ مساجد و چاہات کے چندہ سے تیار کرائے جاویں

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جو چھپہ ہائے مساجد و چاہات بھی اس قسم کے ہیں کہ وہاں پانی رستہ میں بھر کر کیچڑ وغیرہ کرتا ہے آیندہ رفتگان کو اوس سے تکلیف ہوتی ہے وہ مفت چندہ سے تیار ہو جاویں حاجی نادر شاہ صاحب و پنڈت گنگا رام صاحب بالاتفاق ... چندہ کی مرتب کرا کے کمیٹی آیندہ میں پیش کریں اور کام چھپہ ہائے کا جو قابل ہو اوسی ٹھیکہ دار کو کہ جسنے چھپہ ہائے مذکور تیار کئے ہیں اسیوقت لیے دیدیا جاوے اور اوسکو ہدایت ہو کہ کام شروع کر دے۔

صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی قبول و منظور کیا۔

ملاحظہ شد۔ ۲۰ نومبر ۱۸۹۲ء

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ حیات وممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتداے ٢٢ لغایت ٢٨ نومبر ١٨٩٢ء

نام پرگنہ	تفصیل پیدائش: مرد: بالغ	مرد: نابالغ	عورت: بالغ	عورت: نابالغ	میزان	تفصیل مذہب: اہل اسلام	تفصیل مذہب: ہنود	تفصیل فوتی: ایک ماہ سے ایک سال تک: مرد	عورت	۱ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	عورت	میزان: مرد	عورت	تفصیل مذہب: اہل اسلام	ہنود	تفصیل امراض					کیفیت
شہر	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	نقشہ نہیں آیا
حضور تحصیل	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	//
شاہ آباد	١٨	٤١	٥	١٥	٧٩	٢٣	٥٦	٣٤	٢٣	٠	٥	٢٣	٢٥	٥٨	٥٣	٢٦	٨٥	٠	-	٨٠	٣١	١١١	//
ملک	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	نقشہ نہیں آیا
سوار	٤	٢	١	٣	١١	٥	٦	٣	٠	٠	٠	٢	٢	٩	١	٦	٣	٠	-	٠	١٠	١٠	//
بلاسپور	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	نقشہ نہیں آیا
ٹانڈہ	٤	٥	٥	١	١٨	١٢	٦	١٠	٣	٠	٢	٩	٤	١٩	١٣	١٥	١٤	٠	٠	٠	٣٦	٣٢	///
میزان	٢٩	٤٩	١١	١٩	١٠٩	٤٠	٤٨	٤٤	٢٨	٠	٤	٣٨	٣٣	٨٥	٤٨	٥٠	١٠٣	٠	٠	٨٠	٤٣	١٥٣	

نقشہ نرخ نامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداے ٢٢ لغایت ٢٨ نومبر ١٨٩٢ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	٠١٢ بار	١٣ بار	٠١٢ بار	٠	٠	١٢ بار	نقشہ سوار اور بلاسپور سے نہیں آیا
نخود خاص	١٦ بار	١٨ بار	٠١٦ بار	٠		٠	
نخود کسندامیز	٢٠ بار	٠	١٩ بار	٠	٠	١٨ بار	
کسہ	٠٢٠ بار	١٩ بار	٢٠ بار	٠	٠	٠	
ماش	١٧ بار	٢٠ بار	١٥ بار	٠	٠	١١ بار	
مونگ	٠١٥ بار	٢٠ بار	١٣ بار	٠	٠	١٤ بار	
مکا	٢٢ بار	٠٢٣ بار	٢٣ بار	٠	٠	٢٢ بار	
جئی	٠	١٩ بار	٠٢١ بار	٠	٠	٢٥ بار	
گوجئی	٠	١٥ بار	٠١٥ بار	٠	٠	١٨ بار	
مسور	٢٠ بار	١٧ بار	٢٠ بار	٠	٠	٢١ بار	
ارہر	٢٣ بار	٢٣ بار	٢٠ بار	٠	٠	٢٠ بار	
برنج	٠١١ بار	٠١٢ بار	١٣ بار	٠		١١	
روغن زرد	[illegible]	[illegible] بار	١ بار	٠	٠	[illegible] بار	
روغن سیاہ	٣ بار	٣ بار		٠	٠	٣ بار	
روغن کنجد	٣ بار	٣ بار	٠٣ بار	٠	٠	٣ بار	
نمک سانبھر	[illegible] بار	-	٩ بار	٠	٠	٩ بار	
نمک لاہوری	[illegible]	٦ بار	٦ بار	٠	٠	٧ بار	
قند سیاہ	١٠ بار	٩ بار	٩ بار	٠	٠	٩ بار	